أَعـوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْـطانِ الرَّجيـم

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربنا تقبل منا، انک انت هو السميع العليم

میں قرآن کو سمجھتا ہوں اور اس کا فہم بتا سکتا ہوں

Topic # 4-11
Quran

I understand Quran and I can inform the meaning of Quran

Sir M. Ameen Sb (Islamabad); 2020-03-23 to 2020-03-24;
Fehme-Quran -50 Hours

Topic # 4-11
CHAPTER # 11

قرآن مجید کا مضمون

The Holy Book (The Quran)

نہ یہ فقہ ہے، اور نہ ہی یہ تفسیر ہے؛ یہ صرف مفہوم ہے، قرآن کو سمجھنے کے لیے!

Topic # 4-11

CHAPTER # 11

قرآن مجید کا مضمون

The Holy Book (The Quran)

(B) INDEX:

Chapters:	ابواب:
11-1: Quran is revealed from Allah	1۔قرآن اللہ کا نازل کردہ
11-2: Quran is Detailed	2۔قرآن مُفَصَّل ہے
11-3: Quran is the Light	3۔قرآن نور ہے
11-4: Quran is the way of Allah	4۔قرآن رب کا راستہ ہے
11-5: Quran is the Remembrance	5۔قرآن ذکر ہے
11-6: Quran is the Straight Path	6۔قرآن صراط مستقیم ہے
11-7: Challenge of the Quran	7۔قرآن کا چیلنج
11-8: Follow Quran	8۔اتباع قرآن
11-9: Warning	9۔ڈرانا\انذار
11-10: Preaching	10۔دعوت و تبلیغ
11-11: Non Believers claim it is Words of Satan	11۔کافر کہتے ہیں کہ یہ شیطان کا کلام ہے
11-12: Quran is exalted	12۔قرآن کتنا افضل ہے

11-1: Quran is revealed from Allah	11-1:قرآن اللہ کا نازل کردہ
1. Al-Anaam (6) : 93	الانعام
2. Al-Anaam (6) : 115	الانعام
3. Az-Zukhraf (43) : 43, 69	الزّخرف
4. An-Namal (27) : 6	النّمل
5. As-Shuara (26) : 192	الشعرا

11-2: Quran is Detailed	11-2:قرآن مُفَصَّل ہے
1. Al-Aaraaf (7) : 52	الاعراف
2. Al-Hood (11) : 1	الھود
3. Haa Meem Sajdah (41) : 3 (Fussilat)	حم سجدہ/فصلت
4. Al-Anaam (6) : 114	الانعام
5. Al-Qayamah (75) : 17 +→19	القیامہ
6. Al-Anaam (6) : 105	الانعام
7. Al-Furqan (25) : 33	الفرقان
8. Al-Ahqaaf (46) : 7 +→ 13	الاحقاف
9. Haa Meem Sajdah (41) : 31 (Fussilat)	حم سجدہ/فصلت

10. Ale-Imran (3) : 138	آل عمران
11. An-Nahal (16) : 44	النحل
12. Al-Baqarah (2) : 2, 185	البقرہ

11-3: Quran is the Light	11-3:قرآن نور ہے
1. As-Shoora (42) : 52, 53	الشّوریٰ
2. An-Nisa (4) : 174	النساء
3. At-Taghabun (64) : 8	التغابن

11-4: Quran is the way of Allah	11-4:قرآن رب کا راستہ ہے
1. Ibrahim (14) : 1	ابراہیم
2. As-Shoora (42) : 53	الشّوریٰ
3. Saba (34) : 6	سبا
4. Al-Muzammil (73) : 19	المزمل
5. Ad-Dahar (76) : 29 (Al-Insaan)	الدّھر/الانسان
6. Al-Furqan (25) : 57	الفرقان

11-5: Quran is the Remembrance	11-5:قرآن ذکر ہے
1. Suad (38) : 1	ص
2. Al-Hijar (15) : 6, 9	الحجر
3. Az-Zukhraf (43) : 44	الزّخرف

4. 50 (+/-) Ayats you can find	

11-6: Quran is the Straight Path	11-6۔قرآن صراط مستقیم ہے
1. Az-Zukhraf (43) : 43	الزّخرف
2. Ale-Imran (3) : 101	آل عمران
3. An-Nisa (4) : 175	النّساء
4. Al-Maida (5) : 15, 16	المائدہ
5. An-Noor (24) : 46	النّور
6. As-Shoora (42) : 52	الشّوریٰ
7. Yaseen (36) : 1 +→ 4	یٰس
8. At-Takweer (81) : 27, 28	التکویر
9. Bani-Israel (17) : 9 (Al-Isra)	بنی اسرائیل (الاسرا)

11-7: Challenge of the Quran	11-7۔قرآن کا چیلنج
1. Al-Baqarah (2) : 23	البقرہ
2. Younas (10) : 38, 15	یونس
3. Al-Hood (11) : 13	الھود
4. Bani-Israel (17) : 88 (Al-Isra)	بنی اسرائیل (الاسرا)
5. Al-Hood (11) : 35	الھود
6. At-Toor (52) : 34	الطور

11-8: Follow Quran	11-8:اتباع قرآن
1. Al-Aaraaf (7) : 3	الاعراف
2. Al-Anaam (6) : 50	الانعام
3. Younas (10) : 109 / Last	یونس
4. Al-Aaraaf (7): 203	الاعراف
5. Al-Ahzaab (33) : 2	الاحزاب
6. Al-Anaam (6) : 106, 155	الانعام
7. Saba (34) : 50	سبا
8. Ale-Imran (3) : 3	آل عمران

11-9: Warning	11-9:ڈرانا\انذار
1. Al-Anaam (6) : 49 +→ 51 (+/-)	الانعام
2. Qaaf (50) : 45	ق
3. Al-Qasas (28) : 87	القصص

11-10: Preaching Quran	11-10:دعوت وتبلیغ
1. Al-Maida (5) : 67	المائدہ
2. Al-Hijar (15) : 94	الحجر

11-11: Non Believers claim it is Words of Satan	11-11:کافر کہتے ہیں کہ یہ شیطان کا کلام ہے
1. At-Takweer (81) : 24, 25, 26	التکویر
2. As-Shuara (26) : 210 +→ 212	الشعرا
3. Al-Jinn (72) : 9 +→ 12	الجن
4. Al-Waqiah (56) : 80	واقعہ

11-12: Quran is exalted	11-12: قرآن افضل ہے
1. Az-Zukhraf (43) : 3, 4	الزّخرف
2. Al-Waqiah (56) : 75 +→ 81	الواقعہ

3. Abassa (80) : 11 +→ 16	عبس
4. Al-Bayinah (98) : 1 +→ 5	البیّنہ
5. Al-Burooj (85) : 19 +→ 22	البروج
6. As-Shuara (26) : 192 +→ 200	الشعرا
7. Al-Haaqah (69) : 38 +→ 52	الحاقہ
8. Al-Hijar (15) : 1, 6 +→ 9	الحجر
9. Ale-Imran (3) : 3	آل عمران

(C) AYATS:

11-1: Quran is revealed from Allah	11-1:قرآن اللہ کا نازل کردہ
1. Al-Anaam (6) : 93	الانعام
2. Al-Anaam (6) : 115	الانعام
3. Az-Zukhraf (43) : 43, 64 +→ 69	الزّخرف
4. An-Namal (27) : 6	النّمل
5. As-Shuara (26) : 192	الشعرا

1. Al-Anaam (6) : 93

وَ مَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا أَوْ قَالَ أُوحِيَ إِلَيَّ وَ لَمْ يُوحَ إِلَيْهِ شَيْءٌ وَ مَنْ قَالَ سَأُنْزِلُ مِثْلَ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ ۗ وَ لَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَ الْمَلَائِكَةُ بَاسِطُو أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُوا أَنْفُسَكُمُ ۖ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُولُونَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَ كُنْتُمْ عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ

[ترجمہ:] اور اُس شخص سے بڑا ظالم اور کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹا بہتان گھڑے، یا کہے کہ مجھ پر وحی آئی ہے درآں حالیکہ اس پر کوئی وحی نازل نہ کی گئی ہو، یا جو اللہ کی نازل کردہ چیز کے مقابلہ میں کہے کہ میں بھی ایسی چیز نازل کر کے دکھا دوں گا؟ کاش تم ظالموں کو اس حالت میں دیکھ سکو جب کہ وہ سکرات موت میں ڈبکیاں کھا رہے ہوتے ہیں اور فرشتے ہاتھ بڑھا بڑھا کر کہہ رہے ہوتے ہیں کہ "لاؤ، نکالو اپنی جان، آج تمہیں اُن باتوں کی پاداش میں ذلت کا عذاب دیا جائے گا جو تم اللہ پر تہمت رکھ کر ناحق بکا کرتے تھے اور اُس کی آیات کے مقابلہ میں سرکشی دکھاتے تھے"

2. Al-Anaam (6) : 115

وَ تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَ عَدْلًا ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ ۚ وَ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

[ترجمہ:] تمہارے رب کی بات سچائی اور انصاف کے اعتبار سے کامل ہے، کوئی اس کے فرامین کو تبدیل کرنے والا نہیں ہے اور وہ سب کچھ سنتا اور جانتا ہے

3. Az-Zukhraf (43) : 43, 64 + → 69

◙ Az-Zukhraf (43) : 43

فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِي أُوحِيَ إِلَيْكَ إِنَّكَ عَلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ

[ترجمہ:] تم بہر حال اُس کتاب کو مضبوطی سے تھامے رہو جو وحی کے ذریعہ سے تمہارے پاس بھیجی گئی ہے، یقیناً تم سیدھے راستے پر ہو

◙ Az-Zukhraf (43) : 64

إِنَّ اللَّهَ هُوَ رَبِّي وَ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هَذَا صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ

[ترجمہ:] حقیقت یہ ہے کہ اللہ ہی میرا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی اُسی کی تم عبادت کرو، یہی سیدھا راستہ ہے"

◙ Az-Zukhraf (43) : 65

فَاخْتَلَفَ الْأَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ فَوَيْلٌ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ أَلِيمٍ

[ترجمہ:] مگر (اُس کی اِس صاف تعلیم کے باوجود) گروہوں نے آپس میں اختلاف کیا، پس تباہی ہے اُن لوگوں کے لیے جنہوں نے ظلم کیا ایک دردناک دن کے عذاب سے

◙ Az-Zukhraf (43) : 66

هَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَنْ تَأْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ

[ترجمہ:] کیا یہ لوگ اب بس اِسی چیز کے منتظر ہیں کہ اچانک اِن پر قیامت آجائے اور انہیں خبر بھی نہ ہو؟

◙ Az-Zukhraf (43) : 67

الْأَخِلَّاءُ يَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ إِلَّا الْمُتَّقِينَ

[ترجمہ:] وہ دن جب آئے گا تو متقین کو چھوڑ کر باقی سب دوست ایک دوسرے کے دشمن ہو جائیں گے

◙ Az-Zukhraf (43) : 68

يَا عِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَ لَا أَنْتُمْ تَحْزَنُونَ

[ترجمہ:] (اُس روز اُن لوگوں سے) کہا جائے گا کہ "اے میرے بندو، آج تمہارے لیے کوئی خوف نہیں اور نہ تمہیں کوئی غم لاحق ہو گا"

◙ Az-Zukhraf (43) : 69

الَّذِينَ آمَنُوا بِآيَاتِنَا وَ كَانُوا مُسْلِمِينَ

[ترجمہ:] جو ہماری آیات پر ایمان لائے تھے اور مطیع فرمان بن کر رہے تھے

4. An-Namal (27) : 6

وَ إِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْآنَ مِنْ لَدُنْ حَكِيمٍ عَلِيمٍ

[ترجمہ:] اور (اے محمدؐ) بلاشبہ تم یہ قرآن ایک حکیم و علیم ہستی کی طرف سے پا رہے ہو

5. As-Shuara (26) : 192

◙ As-Shuara (26) : 192

وَ إِنَّهُ لَتَنْزِيلُ رَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] یہ رب العالمین کی نازل کردہ چیز ہے

11-2: Quran is Detailed	11-2۔قرآن مُفَصَّل ہے
1. Al-Aaraaf (7) : 52	الاعراف
2. Al-Hood (11) : 1	الھود
3. Haa Meem Sajdah (41) : 3 (Fussilat)	حم سجدہ/فصلت
4. Al-Anaam (6) : 114	الانعام
5. Al-Qayamah (75) : 17 +→ 19	القیامہ
6. Al-Anaam (6) : 105	الانعام
7. Al-Furqan (25) : 33	الفرقان
8. Al-Ahqaaf (46) : 7, 13	الاحقاف
9. Haa Meem Sajdah (41) : 26 +→ 31 (Fussilat)	حم سجدہ/فصلت
10. Ale-Imran (3) : 138	آل عمران
11. An-Nahal (16) : 44	النحل
12. Al-Baqarah (2) : 2, 185	البقرہ

1. Al-Aaraaf (7) : 52

وَ لَقَدْ جِئْنَاهُمْ بِكِتَابٍ فَصَّلْنَاهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَ رَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ

[ترجمہ:] ہم اِن لوگوں کے پاس ایک ایسی کتاب لے آئے ہیں جس کو ہم نے علم کی بنا پر مفصل بنایا ہے اور جو ایمان لانے والوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے

2. Al-Hood (11) : 1

الر ۚ كِتَابٌ أُحْكِمَتْ آيَاتُهُ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَدُنْ حَكِيمٍ خَبِيرٍ

[ترجمہ:] الر۔ فرمان ہے، جس کی آیتیں پختہ اور مفصل ارشاد ہوئی ہیں، ایک دانا اور باخبر ہستی کی طرف سے

3. Ha Meem Sajdah (Fussilat, 41) : 3

كِتَابٌ فُصِّلَتْ آيَاتُهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ

[ترجمہ:] ایک ایسی کتاب جس کی آیات خوب کھول کر بیان کی گئی ہیں، عربی زبان کا قرآن، اُن لوگوں کے لیے جو علم رکھتے ہیں

4. Al-Anaam (6) : 114

أَفَغَيْرَ اللهِ أَبْتَغِي حَكَمًا وَ هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتَابَ مُفَصَّلًا ۚ وَ الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْلَمُونَ أَنَّهُ مُنَزَّلٌ مِنْ رَبِّكَ بِالْحَقِّ ۖ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ

[ترجمہ:] پھر جب حال یہ ہے تو کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور فیصلہ کرنے والا تلاش کروں، حالانکہ اس نے پوری تفصیل کے ساتھ تمہاری طرف کتاب نازل کر دی ہے؟ اور جن لوگوں کو ہم نے (تم سے پہلے) کتاب دی تھی وہ جانتے ہیں کہ یہ کتاب تمہارے رب ہی کی طرف سے حق کے ساتھ نازل ہوئی ہے لہٰذا تم شک کرنے والوں میں شامل نہ ہو

5. Al-Qayamah (75) : 17 + → 19

◙ Al-Qayamah (75) : 17

إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَ قُرْآنَهُ

[ترجمہ:] اِس کو یاد کرا دینا اور پڑھوا دینا ہمارے ذمہ ہے

◙ Al-Qayamah (75) : 18

فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ

[ترجمہ:] لہٰذا جب ہم اِسے پڑھ رہے ہوں اُس وقت تم اِس کی قرات کو غور سے سنتے رہو

◙ Al-Qayamah (75) : 19

ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ

[ترجمہ:] پھر اس کا مطلب سمجھا دینا بھی ہمارے ذمہ ہے

6. Al-Anaam (6) : 105

وَ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ وَ لِيَقُولُوا دَرَسْتَ وَ لِنُبَيِّنَهُ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ

[ترجمہ:] اِس طرح ہم اپنی آیات کو بار بار مختلف طریقوں سے بیان کرتے ہیں اور اس لیے کرتے ہیں کہ یہ لوگ کہیں تم کسی سے پڑھ آئے ہو، اور جو لوگ علم رکھتے ہیں ان پر ہم حقیقت کو روشن کر دیں

7. Al-Furqan (25) : 33

وَ لَا يَأْتُونَكَ بِمَثَلٍ إِلَّا جِئْنَاكَ بِالْحَقِّ وَ أَحْسَنَ تَفْسِيرًا

[ترجمہ:] اور (اس میں یہ مصلحت بھی ہے) کہ جب کبھی وہ تمہارے سامنے کوئی نرالی بات (یا عجیب سوال) لے کر آئے، اُس کا ٹھیک جواب بر وقت ہم نے تمہیں دے دیا اور بہترین طریقے سے بات کھول دی

8. Al-Ahqaaf (46) : 7, 13

◙ Al-Ahqaaf (46) : 7

وَ إِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ هَذَا سِحْرٌ مُبِينٌ

[ترجمہ:] اِن لوگوں کو جب ہماری صاف صاف آیات سنائی جاتی ہیں اور حق اِن کے سامنے آجاتا ہے تو یہ کافر لوگ اُس کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ تو کھلا جادو ہے

◙ Al-Ahqaaf (46) : 13

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُونَ

[ترجمہ:] یقیناً جن لوگوں نے کہہ دیا کہ اللہ ہی ہمارا رب ہے، پھر اُس پر جم گئے، اُن کے لیے نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگیں ہوں گے

9. Haa Meem Sajdah (41) : 26 +→ 31 (Fussilat)

◙ Haa Meem Sajdah (41) : 26 (Fussilat)

وَ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَسْمَعُوا لِهَذَا الْقُرْآنِ وَ الْغَوْا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُونَ

[ترجمہ:] یہ منکرین حق کہتے ہیں "اِس قرآن کو ہر گز نہ سنو اور جب یہ سنایا جائے تو اس میں خلل ڈالو، شاید کہ اس طرح تم غالب آجاؤ"

◙ Haa Meem Sajdah (41) : 27 (Fussilat)

فَلَنُذِيقَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا عَذَابًا شَدِيدًا وَ لَنَجْزِيَنَّهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ

[ترجمہ:] اِن کافروں کو ہم سخت عذاب کا مزا چکھا کر رہیں گے اور جو بدترین حرکات یہ کرتے رہے ہیں ان کا پورا پورا بدلہ اِنہیں دیں گے

◙ Haa Meem Sajdah (41) : 28 (Fussilat)

ذَلِكَ جَزَاءُ أَعْدَاءِ اللهِ النَّارُ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ جَزَاءً بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ

[ترجمہ:] وہ دوزخ ہے جو اللہ کے دشمنوں کو بدلے میں ملے گی اُسی میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اِن کا گھر ہو گا یہ ہے سزا اِس جرم کی کہ وہ ہماری آیات کا انکار کرتے رہے

◙ Haa Meem Sajdah (41) : 29 (Fussilat)

وَ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا رَبَّنَا أَرِنَا اللَّذَيْنِ أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ وَ الْإِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ أَقْدَامِنَا لِيَكُونَا مِنَ الْأَسْفَلِينَ

[ترجمہ:] وہاں یہ کافر کہیں گے کہ "اے ہمارے رب، ذرا ہمیں دکھا دے اُن جنوں اور انسانوں کو جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا، ہم انہیں پاؤں تلے روند ڈالیں گے تاکہ وہ خوب ذلیل و خوار ہوں"

◙ Haa Meem Sajdah (41) : 30 (Fussilat)

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَ لَا تَحْزَنُوا وَ أَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ

[ترجمہ:] جن لوگوں نے کہا کہ اللہ ہمارا رب ہے اور پھر وہ اس پر ثابت قدم رہے، یقیناً اُن پر فرشتے نازل ہوتے ہیں اور ان سے کہتے ہیں کہ "نہ ڈرو، نہ غم کرو، اور خوش ہو جاؤ اُس جنت کی بشارت سے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے

◙ Haa Meem Sajdah (41) : 31 (Fussilat)

نَحْنُ أَوْلِيَاؤُكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَ فِي الْآخِرَةِ ۖ وَ لَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِي أَنْفُسُكُمْ وَ لَكُمْ فِيهَا مَا تَدَّعُونَ

[ترجمہ:] ہم اِس دنیا کی زندگی میں بھی تمہارے ساتھی ہیں اور آخرت میں بھی، وہاں جو کچھ تم چاہو گے تمہیں ملے گا اور ہر چیز جس کی تم تمنا کرو گے وہ تمہاری ہو گی

10. Ale-Imran (3) : 138

هٰذَا بَيَانٌ لِلنَّاسِ وَ هُدًى وَ مَوْعِظَةٌ لِلْمُتَّقِينَ

[ترجمہ:] یہ لوگوں کے لیے ایک صاف اور صریح تنبیہ ہے اور جو اللہ سے ڈرتے ہوں اُن کے لیے ہدایت اور نصیحت

11. An-Nahal (16) : 44

بِالْبَيِّنَاتِ وَ الزُّبُرِ ۗ وَ أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ

[ترجمہ:] پچھلے رسولوں کو بھی ہم نے روشن نشانیاں اور کتابیں دے کر بھیجا تھا، اور اب یہ ذکر تم پر نازل کیا ہے تاکہ تم لوگوں کے سامنے اُس تعلیم کی تشریح و توضیح کرتے جاؤ جو اُن کے لیے اتاری گئی ہے، اور تاکہ لوگ (خود بھی) غور و فکر کریں

12. Al-Baqarah (2) : 2, 185

◙ Al-Baqarah (2) : 2

ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ ۛ فِيهِ ۛ هُدًى لِلْمُتَّقِينَ

[ترجمہ:] یہ اللہ کی کتاب ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہدایت ہے اُن پرہیز گار لوگوں کے لیے

◙ Al-Baqarah (2) : 185

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِلنَّاسِ وَ بَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدَى وَ الْفُرْقَانِ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ وَ مَنْ كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ يُرِيدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَ لَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَ لِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلَى مَا هَدَاكُمْ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ

[ترجمہ:] رمضان وہ مہینہ ہے، جس میں قرآن نازل کیا گیا جو انسانوں کے لیے سراسر ہدایت ہے اور ایسی واضح تعلیمات پر مشتمل ہے، جو راہ راست دکھانے والی اور حق و باطل کا فرق کھول کر رکھ دینے والی ہیں لہٰذا اب سے جو شخص اس مہینے کو پائے، اُس کو لازم ہے کہ اِس پورے مہینے کے روزے رکھے اور جو کوئی مریض ہو یا سفر پر ہو، تو وہ دوسرے دنوں میں روزوں کی تعداد پوری کرے اللہ تمہارے ساتھ نرمی کرنا چاہتا ہے، سختی کرنا نہیں چاہتا اس لیے یہ طریقہ تمہیں بتایا جا رہا ہے تاکہ تم روزوں کی تعداد پوری کر سکو اور جس ہدایت سے اللہ نے تمہیں سرفراز کیا ہے، اُس پر اللہ کی کبریائی کا اظہار و اعتراف کرو اور شکر گزار بنو

11-3: Quran is the Light	11-3:قرآن نور ہے
1. As-Shoora (42) : 52, 53	الشّوریٰ
2. An-Nisa (4) : 174	النساء
3. At-Taghabun (64) : 8	التغابن

1. As-Shoora (42) : 52, 53

As-Shoora (42) : 52

وَ كَذٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا مِنْ أَمْرِنَا ۚ مَا كُنْتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَ لَا الْإِيمَانُ وَ لٰكِنْ جَعَلْنَاهُ نُورًا نَهْدِي بِهِ مَنْ نَشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا ۚ وَ إِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ

[ترجمہ:] اور اِسی طرح (اے محمدؐ) ہم نے اپنے حکم سے ایک روح تمہاری طرف وحی کی ہے تمہیں کچھ پتہ نہ تھا کہ کتاب کیا ہوتی ہے اور ایمان کیا ہوتا ہے، مگر اُس روح* کو ہم نے ایک روشنی بنا دیا جس سے ہم راہ دکھاتے ہیں اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں یقیناً تم سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کر رہے ہو

As-Shoora (42) : 53

صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَ مَا فِي الْأَرْضِ ۗ أَلَا إِلَى اللّٰهِ تَصِيرُ الْأُمُورُ

[ترجمہ:] اُس خدا کے راستے کی طرف جو زمین اور آسمانوں کی ہر چیز کا مالک ہے خبردار رہو، سارے معاملات اللہ ہی کی طرف رجوع کرتے ہیں

2. An-Nisa (4) : 174

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمْ بُرْهَانٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكُمْ نُورًا مُبِينًا

[ترجمہ:] لوگو! تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس دلیل روشن آگئی ہے اور ہم نے تمہاری طرف ایسی روشنی بھیج دی ہے جو تمہیں صاف صاف راستہ دکھانے والی ہے

3. At-Taghabun (64) : 8

فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالنُّورِ الَّذِي أَنْزَلْنَا وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ

[ترجمہ:] پس ایمان لاؤ اللہ پر، اور اُس کے رسول پر، اور اُس روشنی پر جو ہم نے نازل کی ہے جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے

11-4: Quran is the way of Allah	4-11۔قرآن رب کا راستہ ہے
1. Ibrahim (14) : 1	ابراہیم
2. As-Shoora (42) : 53	الشّوریٰ
3. Saba (34) : 6	سبا
4. Al-Muzammil (73) : 19	المزمل
5. Ad-Dahar (76) : 29 (Al-Insaan)	الدّھر/الانسان
6. Al-Furqan (25) : 57	الفرقان

1. Ibrahim (14) : 1

الر ۚ كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ إِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِ رَبِّهِمْ إِلَىٰ صِرَاطِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ

[ترجمہ:] الر۔اے محمدؐ، یہ ایک کتاب ہے جس کو ہم نے تمہاری طرف نازل کیا ہے تاکہ تم لوگوں کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لاؤ، ان کے رب کی توفیق سے، اُس خدا کے راستے پر جو زبردست اور اپنی ذات میں آپ محمود ہے

2. As-Shoora (42) : 53

صِرَاطِ اللَّهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَ مَا فِي الْأَرْضِ ۗ أَلَا إِلَى اللَّهِ تَصِيرُ الْأُمُورُ

[ترجمہ:] اُس خدا کے راستے کی طرف جو زمین اور آسمانوں کی ہر چیز کا مالک ہے خبردار رہو، سارے معاملات اللہ ہی کی طرف رجوع کرتے ہیں

3. Saba (34) : 6

وَ يَرَى الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ الَّذِي أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ هُوَ الْحَقَّ وَ يَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ

[ترجمہ:] اے نبیؐ، علم رکھنے والے خوب جانتے ہیں کہ جو کچھ تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے وہ سراسر حق ہے اور خدائے عزیز و حمید کا راستہ دکھاتا ہے

4. Al-Muzammil (73) : 19

إِنَّ هَٰذِهِ تَذْكِرَةٌ ۖ فَمَنْ شَاءَ اتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا

[ترجمہ:] یہ ایک نصیحت ہے، اب جس کا جی چاہے اپنے رب کی طرف جانے کا راستہ اختیار کر لے

5. Ad-Dahar (Al-Insaan, 76) : 29

إِنَّ هَٰذِهِ تَذْكِرَةٌ ۖ فَمَنْ شَاءَ اتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا

[ترجمہ:] یہ ایک نصیحت ہے، اب جس کا جی چاہے اپنے رب کی طرف جانے کا راستہ اختیار کر لے

6. Al-Furqan (25) : 57

قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِلَّا مَنْ شَاءَ أَنْ يَتَّخِذَ إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا

[ترجمہ:] اِن سے کہہ دو کہ "میں اس کام پر تم سے کوئی اُجرت نہیں مانگتا، میری اُجرت بس یہی ہے کہ جس کا جی چاہے وہ اپنے رب کا راستہ اختیار کر لے"

11-5: Quran is the Remembrance	11-5۔قرآن ذکر ہے
1. Suad (38) : 1	ص
2. Al-Hijar (15) : 6, 9	الحجر
3. Az-Zukhraf (43) : 44	الزّخرف
4. 50 (+/-) Ayats you can find	

1. Suad (38) : 1

صٓ وَ الْقُرْآنِ ذِي الذِّكْرِ

[ترجمہ:] ص، قسم ہے نصیحت بھرے قرآن کی

- [(بہتر ترجمہ:) قسم ہے کہ قرآن ذکر ہے]

2. Al-Hijar (15) : 6, 9

◙ Al-Hijar (15) : 6

وَ قَالُوا يَا أَيُّهَا الَّذِي نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ

[ترجمہ:] یہ لوگ کہتے ہیں "اے وہ شخص جس پر ذکر نازل ہوا ہے، تو یقیناً دیوانہ ہے

◙ Al-Hijar (15) : 9

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ إِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ

[ترجمہ:] رہا یہ ذکر، تو اِس کو ہم نے نازل کیا ہے اور ہم خود اِس کے نگہبان ہیں

3. Az-Zukhraf (43) : 44

وَ إِنَّهُ لَذِكْرٌ لَكَ وَ لِقَوْمِكَ ۖ وَ سَوْفَ تُسْأَلُونَ

[ترجمہ:] حقیقت یہ ہے کہ یہ کتاب تمہارے لیے اور تمہاری قوم کے لیے ایک بہت بڑا شرف ہے اور عنقریب تم لوگوں کو اس کی جواب دہی کرنی ہو گی

4. 50 more Ayats you can find

11-6: Quran is the Straight Path	11-6۔قرآن صراط مستقیم ہے
1. Az-Zukhraf (43) : 43	الزّخرف
2. Ale-Imran (3) : 101	آل عمران
3. An-Nisa (4) : 175	النّساء
4. Al-Maida (5) : 15, 16	المائدہ
5. An-Noor (24) : 46	النّور
6. As-Shoora (42) : 52	الشّوریٰ
7. Yaseen (36) : 1 +→ 4	یٰس
8. At-Takweer (81) : 27, 28	التکویر
9. Bani-Israel (17) : 9 (Al-Isra)	بنی اسرائیل (الاسرا)

1. Az-Zukhraf (43) : 43

فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِي أُوحِيَ إِلَيْكَ ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ

[ترجمہ:] تم بہر حال اُس کتاب کو مضبوطی سے تھامے رہو جو وحی کے ذریعہ سے تمہارے پاس بھیجی گئی ہے، یقیناً تم سیدھے راستے پر ہو

2. Ale-Imran (3) : 101

وَ كَيْفَ تَكْفُرُونَ وَ أَنْتُمْ تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ آيَاتُ اللّٰهِ وَ فِيكُمْ رَسُولُهُ ۗ وَ مَنْ يَعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ

[ترجمہ:] تمہارے لیے کفر کی طرف جانے کا اب کیا موقع باقی ہے جب کہ تم کو اللہ کی آیات سنائی جا رہی ہیں اور تمہارے درمیان اس کا رسولؐ موجود ہے؟ جو اللہ کا دامن مضبوطی کے ساتھ تھامے گا وہ ضرور راہ راست پالے گا

3. An-Nisa (4) : 175

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَ اعْتَصَمُوا بِهِ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِي رَحْمَةٍ مِنْهُ وَ فَضْلٍ وَ يَهْدِيهِمْ إِلَيْهِ صِرَاطًا مُسْتَقِيمًا

[ترجمہ:] اب جو لوگ اللہ کی بات مان لیں گے اور اس کی پناہ ڈھونڈیں گے ان کو اللہ اپنی رحمت اور اپنے فضل و کرم کے دامن میں لے لے گا اور اپنی طرف آنے کا سیدھا راستہ ان کو دکھا دے گا

4. Al-Maida (5) : 15, 16

◙ Al-Maida (5) : 15

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيرًا مِمَّا كُنْتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتَابِ وَ يَعْفُو عَنْ كَثِيرٍ ۚ قَدْ جَاءَكُمْ مِنَ اللَّهِ نُورٌ وَ كِتَابٌ مُبِينٌ

[ترجمہ:] اے اہل کتاب! ہمارا رسول تمہارے پاس آگیا ہے جو کتاب الٰہی کی بہت سی اُن باتوں کو تمہارے سامنے کھول رہا ہے جن پر تم پردہ ڈالا کرتے تھے، اور بہت سی باتوں سے درگزر بھی کر جاتا ہے تمہارے پاس اللہ کی طرف سے روشنی آگئی ہے اور ایک ایسی حق نما کتاب

◙ Al-Maida (5) : 16

يَهْدِي بِهِ اللَّهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهُ سُبُلَ السَّلَامِ وَ يُخْرِجُهُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِهِ وَ يَهْدِيهِمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ

[ترجمہ:] جس کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کو جو اس کی رضا کے طالب ہیں سلامتی کے طریقے بتاتا ہے اور اپنے اذن سے اُن کو اندھیروں سے نکال کر اجالے کی طرف لاتا ہے اور راہ راست کی طرف ان کی رہنمائی کرتا ہے

5. An-Noor (24) : 46

لَقَدْ أَنْزَلْنَا آيَاتٍ مُبَيِّنَاتٍ ۚ وَ اللَّهُ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ

[ترجمہ:] ہم نے صاف صاف حقیقت بتانے والی آیات نازل کر دی ہیں، آگے صراط مستقیم کی طرف ہدایت اللہ ہی جسے چاہتا ہے دیتا ہے

6. As-Shoora (42) : 52

وَ كَذٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا مِنْ أَمْرِنَا ۚ مَا كُنْتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَ لَا الْإِيمَانُ وَ لٰكِنْ جَعَلْنَاهُ نُورًا نَهْدِي بِهِ مَنْ نَشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا ۚ وَ إِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ

[ترجمہ:] اوراِسی طرح (اے محمدؐ) ہم نے اپنے حکم سے ایک روح تمہاری طرف وحی کی ہے تمہیں کچھ پتہ نہ تھا کہ کتاب کیا ہوتی ہے اور ایمان کیا ہوتا ہے، مگر اُس روح* کو ہم نے ایک روشنی بنا دیا جس سے ہم راہ دکھاتے ہیں اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں یقیناً تم سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کر رہے ہو

- [روح* = کتاب]

7. Yaseen (36) : 1 + → 4

Yaseen (36) : 1

يٰسٓ

[ترجمہ:] یٰس

Yaseen (36) : 2

وَ الْقُرْآنِ الْحَكِيمِ

[ترجمہ:] قسم ہے قرآن حکیم کی

Yaseen (36) : 3

إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ

[ترجمہ:] کہ تم یقیناً رسولوں میں سے ہو

Yaseen (36) : 4

عَلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ

[ترجمہ:] سیدھے راستے پر ہو

8. At-Takweer (81) : 27, 28

◙ At-Takweer (81) : 27

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] یہ تو سارے جہان والوں کے لیے ایک نصیحت ہے

◙ At-Takweer (81) : 28

لِمَنْ شَاءَ مِنْكُمْ أَنْ يَسْتَقِيمَ

[ترجمہ:] تم میں سے ہر اُس شخص کے لیے جو راہ راست پر چلنا چاہتا ہو

9. Bani-Israel (17) : 9 (Al-Isra)

إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ وَ يُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْرًا كَبِيرًا

[ترجمہ:] حقیقت یہ ہے کہ یہ قرآن وہ راہ دکھاتا ہے جو بالکل سیدھی ہے جو لوگ اسے مان کر بھلے کام کرنے لگیں انہیں یہ بشارت دیتا ہے کہ ان کے لیے بڑا اجر ہے

11-7: Challenge of the Quran	11-7۔قرآن کا چیلنج
1. Al-Baqarah (2) : 23	البقرہ
2. Younas (10) : 38, 15	یونس
3. Al-Hood (11) : 13	الھود
4. Bani-Israel (17) : 88 (Al-Isra)	بنی اسرائیل (الاسرا)
5. Al-Hood (11) : 35	الھود
6. At-Toor (52) : 34	الطور

1. Al-Baqarah (2) : 23

وَ إِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِنْ مِثْلِهِ وَ ادْعُوا شُهَدَاءَكُمْ مِنْ دُونِ اللّٰهِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ

[ترجمہ:] اور اگر تمہیں اِس امر میں شک ہے کہ یہ کتاب جو ہم نے اپنے بندے پر اتاری ہے، یہ ہماری ہے یا نہیں، تو اس کے مانند ایک ہی سورت بنا لاؤ، اپنے سارے ہم نواؤں کو بلا لو، ایک اللہ کو چھوڑ کر باقی جس جس کی چاہو، مدد لے لو، اگر تم سچے ہو

2. Younas (10) : 38, 15

◙ Younas (10) : 38

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِثْلِهِ وَ ادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِنْ دُونِ اللّٰهِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ

[ترجمہ:] کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبرؐ نے اسے خود تصنیف کر لیا ہے؟ کہو، "اگر تم اپنے اس الزام میں سچّے ہو تو ایک سُورۃ اس جیسی تصنیف کر لاؤ اور ایک خدا کو چھوڑ کر جس جس کو بُلا سکتے ہو مدد کے لیے بُلا لو"

Younas (10) : 15

وَ إِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هَذَا أَوْ بَدِّلْهُ قُلْ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أُبَدِّلَهُ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِي إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَى إِلَيَّ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ

[ترجمہ:] جب انہیں ہماری صاف صاف باتیں سُنائی جاتی ہیں تو وہ لوگ جو ہم سے ملنے کی توقع نہیں رکھتے، کہتے ہیں کہ "اِس کے بجائے کوئی اور قرآن لاؤ یا اس میں کچھ ترمیم کرو" اے محمدؐ، ان سے کہو "میرا یہ کام نہیں ہے کہ اپنی طرف سے اس میں کوئی تغیر وتبدل کرلوں میں تو بس اُس وحی کا پیرو ہوں جو میرے پاس بھیجی جاتی ہے اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو مجھے ایک بڑے ہولناک دن کے عذاب کا ڈر ہے"

3. Al-Hood (11) : 13

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ فَأْتُوا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِثْلِهِ مُفْتَرَيَاتٍ وَ ادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِنْ دُونِ اللهِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ

[ترجمہ:] کیا یہ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے یہ کتاب خود گھڑ لی ہے؟ کہو، "اچھا یہ بات ہے تو اس جیسی گھڑی ہوئی دس سورتیں تم بنا لاؤ اور اللہ کے سوا اور جو جو (تمہارے معبود) ہیں اُن کو مدد کے لیے بلا سکتے ہو تو بلا لو اگر تم (انہیں معبود سمجھنے میں) سچے ہو

4. Bani-Israel (Al-Isra, 17) : 88

قُلْ لَئِنِ اجْتَمَعَتِ الْإِنْسُ وَ الْجِنُّ عَلَى أَنْ يَأْتُوا بِمِثْلِ هَذَا الْقُرْآنِ لَا يَأْتُونَ بِمِثْلِهِ وَ لَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيرًا

[ترجمہ:] کہہ دو کہ اگر انسان اور جن سب کے سب مل کر اس قرآن جیسی کوئی چیز لانے کی کوشش کریں تو نہ لا سکیں گے، چاہے وہ سب ایک دوسرے کے مددگار ہی کیوں نہ ہوں

5. Al-Hood (11) : 35

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَعَلَيَّ إِجْرَامِي وَ أَنَا بَرِيءٌ مِمَّا تُجْرِمُونَ

[ترجمہ:] اے محمدؐ، کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اِس شخص نے یہ سب کچھ خود گھڑ لیا ہے؟ ان سے کہو "اگر میں نے یہ خود گھڑا ہے تو مجھ پر اپنے جرم کی ذمہ داری ہے، اور جو جرم تم کر رہے ہو اس کی ذمہ داری سے میں بری ہوں"

6. At-Toor (52) : 34

فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِثْلِهِ إِنْ كَانُوا صَادِقِينَ

[ترجمہ:] اگر یہ اپنے اِس قول میں سچے ہیں تو اِسی شان کا ایک کلام بنا لائیں

11-8: Follow Quran	8-11۔اتباع قرآن
1. Al-Aaraaf (7) : 3	الاعراف
2. Al-Anaam (6) : 50	الانعام
3. Younas (10) : 109 / Last	یونس
4. Al-Aaraaf (7): 203	الاعراف
5. Al-Ahzaab (33) : 2	الاحزاب
6. Al-Anaam (6) : 106, 155	الانعام
7. Saba (34) : 50	سبا
8. Ale-Imran (3) : 3	آل عمران

1. Al-Aaraaf (7) : 3

اتَّبِعُوا مَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ مِنْ رَبِّكُمْ وَ لَا تَتَّبِعُوا مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ ۗ قَلِيلًا مَا تَذَكَّرُونَ

[ترجمہ:] لوگو، جو کچھ تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے اُس کی پیروی کرو اور اپنے رب کو چھوڑ کر دوسرے سرپرستوں کی پیروی نہ کرو مگر تم نصیحت کم ہی مانتے ہو

2. Al-Anaam (6) : 50

قُلْ لَا أَقُولُ لَكُمْ عِنْدِي خَزَائِنُ اللهِ وَ لَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَ لَا أَقُولُ لَكُمْ إِنِّي مَلَكٌ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ ۚ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَ الْبَصِيرُ ۚ أَفَلَا تَتَفَكَّرُونَ

[ترجمہ:] اے محمدؐ! ان سے کہو، "میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں نہ میں غیب کا علم رکھتا ہوں، اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں میں تو صرف اُس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو مجھ پر نازل کی جاتی ہے" پھر ان سے پوچھو کیا اندھا اور آنکھوں والا دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ کیا تم غور نہیں کرتے؟

3. Younas (10) : 109 {Last}

وَ اتَّبِعْ مَا يُوحٰى إِلَيْكَ وَ اصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَ هُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ

[ترجمہ:] اور اے نبیؐ، تم اس ہدایت کی پیروی کیے جاؤ جو تمہاری طرف بذریعہ وحی بھیجی جا رہی ہے، اور صبر کرو یہاں تک کہ اللہ فیصلہ کر دے، اور وہی بہترین فیصلہ کرنے والا ہے

4. Al-Aaraaf (7) : 203

وَ إِذَا لَمْ تَأْتِهِمْ بِآيَةٍ قَالُوا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ۚ قُلْ إِنَّمَا أَتَّبِعُ مَا يُوحٰى إِلَيَّ مِنْ رَبِّي ۚ هٰذَا بَصَائِرُ مِنْ رَبِّكُمْ وَ هُدًى وَ رَحْمَةٌ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ

[ترجمہ:] اے نبیؐ، جب تم اِن لوگوں کے سامنے کوئی نشانی (یعنی معجزہ) پیش نہیں کرتے تو یہ کہتے ہیں کہ تم نے اپنے لیے کوئی نشانی کیوں نہ انتخاب کر لی؟ ان سے کہو "میں تو صرف اُس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو میرے رب نے میری طرف بھیجی ہے یہ بصیرت کی روشنیاں ہیں تمہارے رب کی طرف سے اور ہدایت اور رحمت ہے اُن لوگوں کے لیے جو اِسے قبول کریں

5. Al-Ahzaab (33) : 2

وَ اتَّبِعْ مَا يُوحٰى إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا

[ترجمہ:] پیروی کرو اُس بات کی جس کا اشارہ تمہارے رب کی طرف سے تمہیں کیا جا رہا ہے، اللہ ہر اُس بات سے باخبر ہے جو تم لوگ کرتے ہو

6. Al-Anaam (6) : 106, 155

◙ Al-Anaam (6) : 106

اتَّبِعْ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ ۖ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ وَ أَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ

[ترجمہ:] اے محمدؐ! اُس وحی کی پیروی کیے جاؤ جو تم پر تمہارے رب کی طرف سے نازل ہوئی ہے کیونکہ اُس ایک رب کے سوا کوئی اور خدا نہیں ہے اور ان مشرکین کے پیچھے نہ پڑو

◙ Al-Anaam (6) : 155

وَ هٰذَا كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ فَاتَّبِعُوهُ وَ اتَّقُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ

[ترجمہ:] اوراسی طرح یہ کتاب ہم نے نازل کی ہے، ایک برکت والی کتاب پس تم اِس کی پیروی کرو اور تقویٰ کی روش اختیار کرو، بعید نہیں کہ تم پر رحم کیا جائے

7. Saba (34) : 50

قُلْ إِنْ ضَلَلْتُ فَإِنَّمَا أَضِلُّ عَلَىٰ نَفْسِي ۖ وَ إِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوحِي إِلَيَّ رَبِّي ۚ إِنَّهُ سَمِيعٌ قَرِيبٌ

[ترجمہ:] کہو "اگر میں گمراہ ہو گیا ہوں تو میری گمراہی کا وبال مجھ پر ہے، اور اگر میں ہدایت پر ہوں تو اُس وحی کی بنا پر ہوں جو میرا رب میرے اوپر نازل کرتا ہے، وہ سب کچھ سنتا ہے اور قریب ہی ہے"

8. Ale-Imran (3) : 3

نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَ أَنْزَلَ التَّوْرَاةَ وَ الْإِنْجِيلَ

[ترجمہ:] اُس نے تم پر یہ کتاب نازل کی ہے، جو حق لے کر آئی ہے اور اُن کتابوں کی تصدیق کر رہی ہے جو پہلے سے آئی ہوئی تھیں اس سے پہلے وہ انسانوں کی ہدایت کے لیے تورات اور انجیل نازل کر چکا ہے

11-9: Warning	9-11۔ڈرانا\انذار
1. Al-Anaam (6) : 49 +→ 51 (+/-)	الانعام
2. Qaaf (50) : 45	ق
3. Al-Qasas (28) : 87	القصص

1. Al-Anaam (6) : 49 +→ 51

◙ Al-Anaam (6) : 49

وَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ

[ترجمہ:] اور جو ہماری آیات کو جھٹلائیں وہ اپنی نافرمانیوں کی پاداش میں سزا بھگت کر رہیں گے

◙ Al-Anaam (6) : 50

قُلْ لَا أَقُولُ لَكُمْ عِنْدِي خَزَائِنُ اللهِ وَ لَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَ لَا أَقُولُ لَكُمْ إِنِّي مَلَكٌ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَى إِلَيَّ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَى وَ الْبَصِيرُ أَفَلَا تَتَفَكَّرُونَ

[ترجمہ:] اے محمدؐ! ان سے کہو، "میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں نہ میں غیب کا علم رکھتا ہوں، اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں میں تو صرف اُس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو مجھ پر نازل کی جاتی ہے" پھر ان سے پوچھو کیا اندھا اور آنکھوں والا دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ کیا تم غور نہیں کرتے؟

◙ Al-Anaam (6) : 51

وَ أَنْذِرْ بِهِ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَنْ يُحْشَرُوا إِلَىٰ رَبِّهِمْ ۙ لَيْسَ لَهُمْ مِنْ دُونِهِ وَلِيٌّ وَ لَا شَفِيعٌ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ

[ترجمہ:] اے محمدؐ! تم اس (علم وحی) کے ذریعہ سے اُن لوگوں کو نصیحت کرو جو اس بات کا خوف رکھتے ہیں کہ اپنے رب کے سامنے کبھی اس حال میں پیش کیے جائیں گے کہ اُس کے سوا وہاں کوئی (ایسا ذی اقتدار) نہ ہو گا جو ان کا حامی و مددگار ہو، یا ان کی سفارش کرے، شاید کہ (اس نصیحت سے متنبہ ہو کر) وہ خدا ترسی کی روش اختیار کر لیں

2. Qaaf (50) : 45

نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ ۖ وَ مَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۖ فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَنْ يَخَافُ وَعِيدِ

[ترجمہ:] اے نبیؐ، جو باتیں یہ لوگ بنا رہے ہیں انہیں ہم خوب جانتے ہیں، اور تمہارا کام ان سے جبراً بات منوانا نہیں ہے بس تم اِس قرآن کے ذریعہ سے ہر اُس شخص کو نصیحت کر دو جو میری تنبیہ سے ڈرے

3. Al-Qasas (28) : 87

وَ لَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ آيَاتِ اللهِ بَعْدَ إِذْ أُنْزِلَتْ إِلَيْكَ ۖ وَ ادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ وَ لَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ

[ترجمہ:] اور ایسا کبھی نہ ہونے پائے کہ اللہ کی آیات جب تم پر نازل ہوں تو کفّار تمہیں اُن سے باز رکھیں، اپنے رب کی طرف دعوت دو اور ہر گز مشرکوں میں شامل نہ ہو

11-10: Preaching Quran	11-10-۔دعوت و تبلیغ
1. Al-Maida (5) : 67	المائدہ
2. Al-Hijar (15) : 94	الحجر

1. Al-Maida (5) : 67

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ وَ إِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ وَ اللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ

[ترجمہ:] اے پیغمبرؐ! جو کچھ تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے وہ لوگوں تک پہنچا دو اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اس کی پیغمبری کا حق ادا نہ کیا اللہ تم کو لوگوں کے شر سے بچانے والا ہے یقین رکھو کہ وہ کافروں کو (تمہارے مقابلہ میں) کامیابی کی راہ ہر گز نہ دکھائے گا

2. Al-Hijar (15) : 94

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَ أَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ

[ترجمہ:] پس اے نبیؐ، جس چیز کا تمہیں حکم دیا جا رہا ہے، اُسے ہانکے پکارے کہہ دو اور شرک کرنے والوں کی ذرا پروا نہ کرو

11-11: Non Believers claim it is Words of Satan	11-11:کافر کہتے ہیں کہ یہ شیطان کا کلام ہے
1. At-Takweer (81) : 24, 25, 26	التکویر
2. As-Shuara (26) : 210 +→ 212	الشعرا
3. Al-Jinn (72) : 9 +→ 12	الجن
4. Al-Waqiah (56) : 80	واقعہ

1. At-Takweer (81) : 24, 25, 26

◙ At-Takweer (81) : 24

وَ مَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ

[ترجمہ:] اور وہ غیب (کے اِس علم کو لوگوں تک پہنچانے) کے معاملے میں بخیل نہیں ہے

◙ At-Takweer (81) : 25

وَ مَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ

[ترجمہ:] اور یہ کسی شیطان مردود کا قول نہیں ہے

◙ At-Takweer (81) : 26

فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ

[ترجمہ:] پھر تم لوگ کدھر چلے جارہے ہو؟

2. As-Shuara (26) : 210 +→ 212

◙ As-Shuara (26) : 210

وَ مَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ

[ترجمہ:] اِس (کتاب مبین) کو شیاطین لے کر نہیں اترے ہیں

◙ As-Shuara (26) : 211

وَ مَا يَنْبَغِي لَهُمْ وَ مَا يَسْتَطِيعُونَ

[ترجمہ:] نہ یہ کام ان کو سجتا ہے، اور نہ وہ ایسا کر ہی سکتے ہیں

◙ As-Shuara (26) : 212

إِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُولُونَ

[ترجمہ:] وہ تو اس کی سماعت تک سے دُور رکھے گئے ہیں

3. Al-Jinn (72) : 9 + → 12

◙ Al-Jinn (72) : 9

وَ أَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۖ فَمَنْ يَسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَابًا رَصَدًا

[ترجمہ:] اور یہ کہ "پہلے ہم سن گن لینے کے لیے آسمان میں بیٹھنے کی جگہ پا لیتے تھے، مگر اب جو چوری چھپے سننے کی کوشش کرتا ہے وہ اپنے لیے گھات میں ایک شہاب ثاقب لگا ہوا پاتا ہے"

◙ Al-Jinn (72) : 10

وَ أَنَّا لَا نَدْرِي أَشَرٌّ أُرِيدَ بِمَنْ فِي الْأَرْضِ أَمْ أَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا

[ترجمہ:] اور یہ کہ "ہماری سمجھ میں نہ آتا تھا کہ آیا زمین والوں کے ساتھ کوئی برا معاملہ کرنے کا ارادہ کیا گیا ہے یا اُن کا رب اُنہیں راہ راست دکھانا چاہتا ہے"

◙ Al-Jinn (72) : 11

وَ أَنَّا مِنَّا الصَّالِحُونَ وَ مِنَّا دُونَ ذَٰلِكَ ۖ كُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا

[ترجمہ:] اور یہ کہ "ہم میں سے کچھ لوگ صالح ہیں اور کچھ اس سے فروتر ہیں، ہم مختلف طریقوں میں بٹے ہوئے ہیں"

◙ Al-Jinn (72) : 12

وَ أَنَّا ظَنَنَّا أَنْ لَنْ نُعْجِزَ اللّٰهَ فِي الْأَرْضِ وَ لَنْ نُعْجِزَهُ هَرَبًا

[ترجمہ:] اور یہ کہ "ہم سمجھتے تھے کہ نہ زمین میں ہم اللہ کو عاجز کر سکتے ہیں اور نہ بھاگ کر اُسے ہرا سکتے ہیں"

◙ Al-Waqiah (56) : 80

تَنْزِيلٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] یہ رب العالمین کا نازل کردہ ہے

11-12: Quran is exalted	11-12: قرآن افضل ہے
1. Az-Zukhraf (43) : 3, 4	الزّخرف
2. Al-Waqiah (56) : 75 +→ 81	الواقعہ
3. Abassa (80) : 11 +→ 16	عبس
4. Al-Bayinah (98) : 1 +→ 5	البیّنہ
5. Al-Burooj (85) : 19 +→ 22	البروج
6. As-Shuara (26) : 192 +→ 200	الشعرا
7. Al-Haaqah (69) : 38 +→ 52	الحاقہ
8. Al-Hijar (15) : 1, 6 +→ 9	الحجر
9. Ale-Imran (3) : 3	آل عمران

1. Az-Zukhraf (43) : 3, 4

◙ Az-Zukhraf (43) : 3

إِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ

[ترجمہ:] کہ ہم نے اِسے عربی زبان کا قرآن بنایا ہے تاکہ تم لوگ اِسے سمجھو

◙ Az-Zukhraf (43) : 4

وَ إِنَّهُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيمٌ

[ترجمہ:] اور در حقیقت یہ ام الکتاب میں ثبت ہے، ہمارے ہاں بڑی بلند مرتبہ اور حکمت سے لبریز کتاب

2. Al-Waqiah (56) : 75 + → 81

◙ Al-Waqiah (56) : 75

فَلَا أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ

[ترجمہ:] پس نہیں، میں قسم کھاتا ہوں تاروں کے مواقع کی

◙ Al-Waqiah (56) : 76

وَ إِنَّهُ لَقَسَمٌ لَوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ

[ترجمہ:] اور اگر تم سمجھو تو یہ بہت بڑی قسم ہے

◙ Al-Waqiah (56) : 77

إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ

[ترجمہ:] کہ یہ ایک بلند پایہ قرآن ہے

◙ Al-Waqiah (56) : 78

فِي كِتَابٍ مَكْنُونٍ

[ترجمہ:] ایک محفوظ کتاب میں ثبت

◙ Al-Waqiah (56) : 79

لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ

[ترجمہ:] جسے مطہرین کے سوا کوئی چھو نہیں سکتا

◙ Al-Waqiah (56) : 80

تَنْزِيلٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] یہ رب العالمین کا نازل کردہ ہے

◙ Al-Waqiah (56) : 81

أَفَبِهَذَا الْحَدِيثِ أَنْتُمْ مُدْهِنُونَ

[ترجمہ:] پھر کیا اس کلام کے ساتھ تم بے اعتنائی برتتے ہو

3. Abassa (80) : 11 +→ 16

◙ Abassa (80) : 11

كَلَّا إِنَّهَا تَذْكِرَةٌ

[ترجمہ:] ہر گز نہیں، یہ تو ایک نصیحت ہے

◙ Abassa (80) : 12

فَمَنْ شَاءَ ذَكَرَهُ

[ترجمہ:] جس کا جی چاہے اِسے قبول کرے

◙ Abassa (80) : 13

فِي صُحُفٍ مُكَرَّمَةٍ

[ترجمہ:] یہ ایسے صحیفوں میں درج ہے جو مکرم ہیں

◙ Abassa (80) : 14

مَرْفُوعَةٍ مُطَهَّرَةٍ

[ترجمہ:] بلند مرتبہ ہیں، پاکیزہ ہیں

◙ Abassa (80) : 15

بِأَيْدِي سَفَرَةٍ

[ترجمہ:] معزز اور نیک کاتبوں کے

◙ Abassa (80) : 16

كِرَامٍ بَرَرَةٍ

[ترجمہ:] ہاتھوں میں رہتے ہیں

4. Al-Bayinah (98) : 1 + → 5

◙ Al-Bayinah (98) : 1

لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَ الْمُشْرِكِينَ مُنْفَكِّينَ حَتَّى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ

[ترجمہ:] اہل کتاب اور مشرکین میں سے جو لوگ کافر تھے (وہ اپنے کفر سے) باز آنے والے نہ تھے جب تک کہ ان کے پاس دلیل روشن نہ آجائے

◙ Al-Bayinah (98) : 2

رَسُولٌ مِنَ اللهِ يَتْلُو صُحُفًا مُطَهَّرَةً

[ترجمہ:] (یعنی) اللہ کی طرف سے ایک رسول جو پاک صحیفے پڑھ کر سنائے

◙ Al-Bayinah (98) : 3

فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ

[ترجمہ:] جن میں بالکل راست اور درست تحریریں لکھی ہوئی ہوں

◙ Al-Bayinah (98) : 4

وَ مَا تَفَرَّقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ

[ترجمہ:] پہلے جن لوگوں کو کتاب دی گئی تھی اُن میں تفرقہ برپا نہیں ہوا مگر اِس کے بعد کہ اُن کے پاس (راہ راست) کا بیان واضح آچکا تھا

◙ Al-Bayinah (98) : 5

وَ مَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ حُنَفَاءَ وَ يُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَ يُؤْتُوا الزَّكَاةَ وَ ذَلِكَ دِينُ الْقَيِّمَةِ

[ترجمہ:] اور اُن کو اِس کے سوا کوئی علم نہیں دیا گیا تھا کہ اللہ کی بندگی کریں اپنے دین کو اُس کے لیے خالص کر کے، بالکل یکسو ہو کر، اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں یہی نہایت صحیح و درست دین ہے

5. Al-Burooj (85) : 19 + → 22

◙ Al-Burooj (85) : 19

بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي تَكْذِيبٍ

[ترجمہ:] مگر جنہوں نے کفر کیا ہے وہ جھٹلانے میں لگے ہوئے ہیں

◙ Al-Burooj (85) : 20

وَ اللَّهُ مِنْ وَرَائِهِمْ مُحِيطٌ

[ترجمہ:] حالانکہ اللہ نے ان کو گھیرے میں لے رکھا ہے

◙ Al-Burooj (85) : 21

بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَجِيدٌ

[ترجمہ:] (اُن کے جھٹلانے سے اِس قرآن کا کچھ نہیں بگڑتا) بلکہ یہ قرآن بلند پایہ ہے

◙ Al-Burooj (85) : 22

فِي لَوْحٍ مَحْفُوظٍ

[ترجمہ:] اُس لوح میں (نقش ہے) جو محفوظ ہے

6. As-Shuara (26) : 192 + → 200

◙ As-Shuara (26) : 192

وَ إِنَّهُ لَتَنْزِيلُ رَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] یہ رب العالمین کی نازل کردہ چیز ہے

◙ As-Shuara (26) : 193

نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ

[ترجمہ:] اسے لے کر تیرے دل پر امانت دار روح اتری ہے

◙ As-Shuara (26) : 194

عَلَى قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ الْمُنْذِرِينَ

[ترجمہ:] تاکہ تو اُن لوگوں میں شامل ہو جو (خدا کی طرف سے خلق خدا کو) متنبّہ کرنے والے ہیں

As-Shuara (26) : 195

بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُبِينٍ

[ترجمہ:] صاف صاف عربی زبان میں

As-Shuara (26) : 196

وَ إِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ

[ترجمہ:] اور اگلے لوگوں کی کتابوں میں بھی یہ موجود ہے

As-Shuara (26) : 197

أَوَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ آيَةً أَنْ يَعْلَمَهُ عُلَمَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ

[ترجمہ:] کیا اِن (اہلِ مکہ) کے لیے یہ کوئی نشانی نہیں ہے کہ اِسے علماء بنی اسرائیل جانتے ہیں ؟

As-Shuara (26) : 198

وَ لَوْ نَزَّلْنَاهُ عَلَى بَعْضِ الْأَعْجَمِينَ

[ترجمہ:] (لیکن اِن کی ہٹ دھرمی کا حال یہ ہے کہ) اگر ہم اسے کسی عجمی پر بھی نازل کر دیتے

As-Shuara (26) : 199

فَقَرَأَهُ عَلَيْهِمْ مَا كَانُوا بِهِ مُؤْمِنِينَ

[ترجمہ:] اور یہ (فصیح عربی کلام) وہ ان کو پڑھ کر سناتا تب بھی یہ مان کر نہ دیتے

As-Shuara (26) : 200

كَذَلِكَ سَلَكْنَاهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ

[ترجمہ:] اِسی طرح ہم نے اس (ذکر) کو مجرموں کے دلوں میں گزارا ہے

7. Al-Haaqah (69) : 38 + → 52

Al-Haaqah (69) : 38

فَلَا أُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُونَ

[ترجمہ:] پس نہیں، میں قسم کھاتا ہوں اُن چیزوں کی بھی جو تم دیکھتے ہو

Al-Haaqah (69) : 39

وَ مَا لَا تُبْصِرُونَ

[ترجمہ:] اور اُن کی بھی جنہیں تم نہیں دیکھتے

Al-Haaqah (69) : 40

إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ

[ترجمہ:] یہ ایک رسول کریم کا قول ہے

Al-Haaqah (69) : 41

وَ مَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ قَلِيلًا مَا تُؤْمِنُونَ

[ترجمہ:] کسی شاعر کا قول نہیں ہے، تم لوگ کم ہی ایمان لاتے ہو

Al-Haaqah (69) : 42

وَ لَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيلًا مَا تَذَكَّرُونَ

[ترجمہ:] اور نہ یہ کسی کاہن کا قول ہے، تم لوگ کم ہی غور کرتے ہو

Al-Haaqah (69) : 43

تَنْزِيلٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ

[ترجمہ:] یہ رب العالمین کی طرف سے نازل ہوا ہے

Al-Haaqah (69) : 44

وَ لَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ

[ترجمہ:] اور اگر اس (نبی) نے خود گھڑ کر کوئی بات ہماری طرف منسوب کی ہوتی

Al-Haaqah (69) : 45

لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ

[ترجمہ:] تو ہم اِس کا دایاں ہاتھ پکڑ لیتے

Al-Haaqah (69) : 46

ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ

[ترجمہ:] اوراِس کی رگ گردن کاٹ ڈالتے

Al-Haaqah (69) : 47

فَمَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ

[ترجمہ:] پھر تم میں سے کوئی (ہمیں) اس کام سے روکنے والا نہ ہوتا

Al-Haaqah (69) : 48

وَ إِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِلْمُتَّقِينَ

[ترجمہ:] درحقیقت یہ پرہیز گار لوگوں کے لیے ایک نصیحت ہے

Al-Haaqah (69) : 49

وَ إِنَّا لَنَعْلَمُ أَنَّ مِنْكُمْ مُكَذِّبِينَ

[ترجمہ:] اور ہم جانتے ہیں کہ تم میں سے کچھ لوگ جھٹلانے والے ہیں

Al-Haaqah (69) : 50

وَ إِنَّهُ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكَافِرِينَ

[ترجمہ:] ایسے کافروں کے لیے یقیناً یہ موجب حسرت ہے

Al-Haaqah (69) : 51

وَ إِنَّهُ لَحَقُّ الْيَقِينِ

[ترجمہ:] اور یہ بالکل یقینی حق ہے

Al-Haaqah (69) : 52

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ

[ترجمہ:] پس اے نبیؐ، اپنے رب عظیم کے نام کی تسبیح کرو

9. Ale-Imran (3) : 3

نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَ أَنْزَلَ التَّوْرَاةَ وَ الْإِنْجِيلَ

[ترجمہ:] اُس نے تم پر یہ کتاب نازل کی ہے، جو حق لے کر آئی ہے اور اُن کتابوں کی تصدیق کر رہی ہے جو پہلے سے آئی ہوئی تھیں اس سے پہلے وہ انسانوں کی ہدایت کے لیے تورات اور انجیل نازل کر چکا ہے

8. Al-Hijar (15) : 1, 6 +→ 9

◙ Al-Hijar (15) : 1

الر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ وَ قُرْآنٍ مُبِينٍ

[ترجمہ:] ال ر یہ آیات ہیں کتاب الٰہی اور قرآن مبین کی

◙ Al-Hijar (15) : 6

وَ قَالُوا يَا أَيُّهَا الَّذِي نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ

[ترجمہ:] یہ لوگ کہتے ہیں "اے وہ شخص جس پر ذکر نازل ہوا ہے، تو یقیناً دیوانہ ہے

◙ Al-Hijar (15) : 7

لَوْ مَا تَأْتِينَا بِالْمَلَائِكَةِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ

[ترجمہ:] اگر تو سچا ہے تو ہمارے سامنے فرشتوں کو لے کیوں نہیں آتا؟"

◙ Al-Hijar (15) : 8

مَا نُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ إِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوا إِذًا مُنْظَرِينَ

[ترجمہ:] ہم فرشتوں کو یوں ہی نہیں اتار دیا کرتے وہ جب اترتے ہیں تو حق کے ساتھ اترتے ہیں، اور پھر لوگوں کو مہلت نہیں دی جاتی

◙ Al-Hijar (15) : 9

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ

[ترجمہ:] رہا یہ ذکر، تو اِس کو ہم نے نازل کیا ہے اور ہم خود اِس کے نگہبان ہیں

CREDITS:

Current Maintainer:
Engr. Khurram Mahmood (makhmct “AT” hotmail “DOT” com)

Previous Maintainer:
N/A

Contributors / Support:
Sir Nasir Mughal
Sister Anam
Sir Abdul Ghaffar
Khalid Mehmood
Sir Shah Zaman
Sister Maryam
AMCC Volunteers

[NOTE:]

1. Please FEEDBACK to us for any corrections or weakness or suggestions or feedback so we can improve to deliver our Course! It shall be very kind of you, please feel free to let us know!

LICENSE:

Compiled by: **Engr. Khurram Mahmood**

Revision: **4**, History: **4**, Sub-Rev.: **Public_Edition Point-Release-1.3**

First Edit: **2020-03-01**

Last Edit: **2022-05-08**

Released under: **CC BY-SA 4.0**
(You can copy paste, but refer to the Original Author: As-Sheikh M. Ameen Sb)